الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 26 اپریل 2019ء

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا حلقہ 100 سے 115 {سابقہ قبائلی علاقہ جات} کے انتخابات کے پیش نظر الیکشن کمیشن آف پاکستان نے تمام متعلقہ اضلاع میں انتخابی فہرستوں کی نظر ثانی کا کام مکمل کر لیا ہے۔

اس ضمن میں یہ وضاحت ضروری ہے کہ الیکشن کمیشن کو انتخابی فہرستوں کے حوالے سے درخواستیں موصول ہو رہی ہے کہ بہت سارے لوگوں کی ووٹر لسٹوں میں اندراج ابھی نہیں ہوا ہے اس سلسلے میں سابق فاٹا کے عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اپنے ووٹ کا اندراج/ منتقلی کو یقینی بنانے کے لئے آخری 10 دن کا وقت رہ گیا ہے کیونکہ 6 مئی 2019ء کو الیکشن کمیشن سابقہ فاٹا اضلاع میں صوبائی اسمبلی کے انتخابات کا شیڈول جاری کرے گا اور انتخابی فہرستیں منجمد کر دی جائیں گی۔ 6 مئی 2019ء کے بعد فہرستوں میں کوئی اندراج/ منتقلی نہیں ہو گی۔

قانون کے مطابق ووٹ کا اندراج شناختی کارڈ پر درج منتقل یا عارضی پتہ پر ممکن ہے۔